جلد ۳

نمبر (۳۰)

گزٹ ریاست رامپور

RAMPUR STATE GAZET

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۵ صفر سنہ ۱۳۴۷ھ مطابق ۲۳ جولائی سنہ ۱۹۲۸ء

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصۂ مضمون	نمبر صفحہ
۱	منظوری ٹھیکہ سائیدگی گندم	۱
۲	بابت رقوم اپیل اسٹامپ	۲
۳	تقرر [illegible]	۲
۴	توسیع مدت ملازمت [illegible]	۲
۵	اضافہ جات [illegible]	۲
۶	رخصت [illegible]	۲
۷	احکام صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر [illegible] مدارس تعلیمات	۲ و ۳
۸	انتقال [illegible] محمد رضا خان متوفی	۳
۹	اضافہ [illegible]	۳
۱۰	[illegible]	۳
۱۱	اضافہ جات [illegible] حاجی حسین خان [illegible] متوفی	۳
۱۲	نقشہ بارش [illegible]	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۴ جولائی سنہ ۱۹۲۸ء

معروضہ کاغذات سررشتہ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر دربارہ منظوری ٹھیکہ سائیدگی گندم مصارف باورچیخانہ ہندوستانی بشرح فی من چار آنہ بنام برج موہن لال من ابتداء اپریل سنہ ۱۹۲۸ء لغایت مارچ سنہ ۱۹۲۹ء بشرائط سابقہ۔

حکم

بموجب رپورٹ ٹھیکہ سائیدگی گندم مصارف باورچیخانہ ہندوستانی بشرح چار آنہ فی من من ابتداء اپریل سنہ ۱۹۲۸ء لغایت مارچ سنہ ۱۹۲۹ء ایک سال کے لئے بنام برج موہن لال منظور ہی۔ کاغذات بغرض اجرائے احکام واپس ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۴ جولائی سنہ ۱۹۲۸ء

واپسی اسٹامپ کی رقمین بابندگان خزانہ سے وصول نہین کرتے اور حسابات خزانہ مین مدتون زیرتعمیل پڑے رہتے ہین۔ لہذا حسب تحریر صاحب ریونیو سکریٹری بہادر شہر کے واسطے ایک ماہ کی مدت۔ اور مفصلات کے لئے دو ماہ کی مدت تاریخ اطلاع یابی سے قرار دیجاتی ہی۔ اگر اس مدت مین رقم خزانہ سے وصول نہ کیجاینگی تو حکم مجرائی کینسل کردیا جائیگا۔ بعد انقضائے مدت مذکورہ افسر حساب کو صدر حکم نہ کے لئے بذریعہ عرضداشت اجلاس ہمایون مین بھیجدیا کرین۔ ایک نقل اس حکم کی دیوان صدر کے پاس مرسل ہو۔ اصل کاغذات بغرض اجرائے احکام صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہون

حسب الحکم دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم وملکہم

تقرر

۱۰ر جولائی ۱۹۲۸ء

بموجب صراحت رپورٹ تقرر بابت علیخان ایف اے - سی - ٹی بشاہرہ پچاس روپیہ ماہوار ۹ر جولائی ۱۹۲۸ء سے منظور ہے - پانچ روپیہ سالانہ ترقی ہوگی یہانتک کہ تنخواہ پچہتر روپیہ ہو جائے - کاغذات بغرض اجرائے احکام واپس ہوں -

دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم وملکہم

بغرض عرض — میر سامانہ

جناب عالی

ہائی اسکول میں بموجب اسکیم منظور شدہ چار سی - ٹی ٹیچرز کا تقرر ہوگا - منجملہ انکے بابت علیخان ایف - اے - سی - ٹی آگئے ہیں - ۹ر جولائی ۱۹۲۸ء سے پچاس روپیہ ماہوار تنخواہ اور پانچ روپیہ سالانہ ترقی پچہتر روپیہ تک پر انکا تقرر ہوگا - بالفعل ہائی اسکول میں انٹرنس پاس ٹیچروں کی دو جگہ خالی ہیں - اُن ہی میں سے ایک پر انکا تقرر ہوگا لہذا عرضداشت بامید صدور حکم ارسال اجلاس ہمایون ہے - دولت اقبال جاوید باد -

توسیع

۱۰ر جولائی ۱۹۲۸ء

بموجب رپورٹ ماسٹر اسرار حسین بی - ایس - سی کی ملازمت غیر مستقل میں ۹ر جولائی ۱۹۲۸ء سے باضافہ پانچ روپیہ ماہوار ایک سال کی توسیع منظور ہے - بغرض اجرا احکام صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہو -

دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم وملکہم

بغرض عرض — میر سامانہ

جناب عالی

ماسٹر اسرار حسین بی - ایس - سی - دو سال سے عارضی ملازمت کی حالت میں ہائی اسکول میں کام کر رہے ہیں - ۹ر جولائی ۱۹۲۸ء کو انکی میعاد ملازمت ختم ہوگئی - ہیڈ ماسٹر صاحب کی رپورٹ سے ظاہر ہے کہ ابھی انکی ضرورت ہے - اور چونکہ دو سال انکی ملازمت کے ہی ہوگئے ہیں - اگر وہ مستقل ہوتے تو پانچ روپیہ سال اضافہ پاتے - لہذا حسب رپورٹ ہیڈ ماسٹر صاحب ہائی اسکول جانب ترقی تنخواہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ باضافہ پانچ روپیہ ماسٹر اسرار حسین بی - ایس - سی کی ملازمت غیر مستقل میں ۹ر جولائی ۱۹۲۸ء سے ایک سال کی توسیع منظور فرمائی جائے - عرضداشت بامید صدور حکم منظوری ارسال اجلاس ہمایون ہو - دولت و اقبال جاوید باد -

اضافہ جات

۱۰ر جولائی ۱۹۲۸ء

مثل رپورٹ منشی بانکے بہاری لال صاحب میر منشی دار الانشاء دربارہ اضافہ عہدہ داران وغیرہ ملازمان دار الانشاء -

حکم

منظور ہیں - بابو جگل بہاری لال و بابو بانکے بہاری لال اور منشی پیارے لال کی موجودہ تنخواہ میں پانچ پانچ روپیہ ماہوار اضافہ اور ابراہیم خان - روشن - چندا سنگھ اور سوبھا کی تنخواہ میں آٹھ آٹھ آنہ اضافہ منظور ہے - احکام ضابطہ جاری ہوں -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۴ر جولائی ۱۹۲۸ء

مثل تحریر حاکم صاحب صدر دربارہ منظوری رخصت پندرہ یوم بوضع تنخواہ منشی روپ بہاری لال اہلمد عدالت ماتحت صدر بذمہ داری منشی لطیف ... معاون بوجہ علالت اہلیہ برادر -

حکم

رخصت ۱۵ یوم روپ بہاری لال اہلمد عدالت صدر حسب رپورٹ حاکم صاحب صدر بوضع تنخواہ منظور ہے - احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

برخاستگی

۹ر جولائی ۱۹۲۸ء

دربارہ برخاستگی چندی پرشاد مانیٹرہ مدرس ہندی مدرسہ کھاتہ تحصیل ... بوجہ مقابلہ کرنے از مدرس اول مدرسہ کھاتہ تحصیل ...

حکم

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس چندی پرشاد مانیٹرہ مدرس ہندی مدرسہ کھاتہ تحصیل

ملک بوجہ تعمیل حکم نہ کرنے و مقابلہ کرنے از مدرس اول مدرسہ کماؤں تحصیل ملک برخاست کیا گیا۔ چونکہ اس مدرسہ میں طلبا کی حاضری کی تعداد ۳۰ رہتی ہے۔ اس لئے جدید نائب مدرس کے تقرر کی ضرورت نہیں ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تبادلہ

۹ جولائی سنہ ۱۹۲۰ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس اکبر علی خان مدرس مدرسہ شاہ پور تحصیل ٹانڈہ تنخواہ ۱۲ روپیہ ماہوار مدرسہ جدید قریہ [illegible] تحصیل حضور میں تبدیل کیا گیا۔ اور نامبردہ کی رخصت ایک ماہ ۱۰ جولائی سنہ ۱۹۲۰ء سے بعوض محمد حسن چہارم پاس منظور کی گئی۔ عوض کو تاریخ کارکردگی سے تنخواہ ملیگی۔ مطابق تنخواہ اکبر علی مدرس کی نسبت بابت سرکار ہوگی۔

مدرسہ شاہ پور تحصیل ٹانڈہ میں سے خالق احمد چہارم پاس کا تقرر امتحاناً برائے چھ ماہ ۱۰ روپیہ تنخواہ پر کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

برخاستگی

۹ جولائی سنہ ۱۹۲۰ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس سے چھوٹے لال [illegible] مدرس مدرسہ لکھی پور تحصیل ملک بوجہ غیر حاضری [illegible] نام ۲۴ جولائی سنہ ۱۹۲۰ء سے برخاست کیا گیا۔ اور مدرسہ لکھی پور میں [illegible] شیر خان نائب مدرس مدرسہ ہوت بقال پرگنہ سوار تنخواہ ۸ روپیہ تبدیل کیا جائے۔ اور بجائے [illegible] شیر خان مدرسہ ہوت بقال میں سے خلیل الرحمن چہارم پاس کا ۸ روپیہ ماہوار پر امتحاناً برائے چھ ماہ تقرر کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اخراج اسم

۱۰ جولائی سنہ ۱۹۲۰ء

حسب رپورٹ ڈپٹی انسپکٹر صاحب مدارس سخاوت علی مدرس مدرسہ بھنگیا تحصیل سوار کا نام بوجہ ختم مدت ملازمت امتحانی و خرابی کلام خارج کیا گیا۔ اور بجائے نامبردہ مدرسہ بھنگیا میں سے [illegible] مدرس مدرسہ سیرا پور تحصیل سوار کا تبادلہ کیا گیا۔ اور مدرسہ سیرا پور میں سے امیر حسین چہارم پاس کا تقرر نامبردہ ۸ روپیہ ماہوار امتحاناً برائے چھ ماہ کیا گیا۔

لہذا حکم ہوا کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۱ جولائی سنہ ۱۹۲۰ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس منظور حسن خان مدرس مڈل اسکول کی تنخواہ میں ایک روپیہ ماہوار کا اضافہ منظور کیا جاتا ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط فار صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۱۴ جولائی سنہ ۱۹۲۰ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس سے بے لال مدرس مدرسہ احمد نگر پرگنہ حضور تحصیل کی مدت ملازمت غیر مستقل میں ۱۰ جولائی سنہ ۱۹۲۰ء سے چند ماہ کی توسیع کی گئی۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط فار صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

مستقلی

۱۶ جولائی سنہ ۱۹۲۰ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس سے بھگوان پرشاد مدرس مڈل اسکول ۲۳ جولائی سنہ ۱۹۲۰ء سے اپنی موجودہ تنخواہ پر مستقل کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط فار صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تبادلہ

۱۱ جولائی سنہ ۱۹۲۰ء

حسب رپورٹ ڈپٹی انسپکٹر صاحب مدارس سے خلیل الرحمن نائب مدرس مدرسہ ہوت بقال تحصیل سوار تنخواہ ۸ روپیہ کا تبادلہ مدرسہ [illegible] تحصیل ٹانڈہ میں کیا گیا۔ اور مدرسہ ہوت بقال تحصیل سوار میں شمس الدین درجہ ششم پاس کا تقرر مبلغ ۸ روپیہ تنخواہ پر امتحاناً برائے چھ ماہ کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط فار صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر واقع ۱۲ جولائی ۱۹۲۰ء

مسودہ یادداشت انچارج بخشی صاحب فوج - دربارہ انتظام اسامی محمد رضا خان متوفی اہلمد بخشیگری شاہرہ دار عہ

حکم

یادداشت انچارج بخشی صاحب فوج کی دیگر درخواست ہائے اُمیدواران پیش ہوئی - دیگر اُمیدواران کے مقابلہ میں اُمیدواران بخشیگری کو ترجیح مناسب ہے - اور متوفی کے ورثا میں سے کوئی مستحق نہیں ہے اسلئے منجملہ تین اُمیدواران بخشیگری کے بلحاظ قابلیت اُردو و انگریزی و کارآموزی بخشیگری حسب رائے بخشی صاحب تقرر حسین سرو شتہ پانچ روپیہ ماہوار منظور کیا جاتا ہے - اور بقیہ دو روپیہ تنخواہ محمد رضا خان مرحوم سید محمد حسن اہلمد سہری کی تنخواہ میں بوجہ قلت تنخواہ اضافہ کیا جاتا ہے - بغرض اجرا احکام صدر کو مرسل ہو -

دستخط صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۲ جولائی ۱۹۲۰ء

مثنہ محررہ ممبر صاحبان بورڈ آف آڈٹ دربارہ اضافہ تنخواہ منشی گھاسی رام اہلمد آڈٹ بلحاظ محنت و ہوشیاری وکمی تنخواہ

حسب سفارش بورڈ آف آڈٹ منشی گھاسی رام اہلمد آڈٹ کی موجودہ تنخواہ میں تین روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا جاتا ہے - بغرض اجرا احکام صدر کو مرسل ہو -

دستخط صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۲ جولائی ۱۹۲۰ء

مثنہ رپورٹ بخشی صاحب فوج دربارہ اضافہ منشی بابو پرشاد اہلمد سہری بخشیگری بوجہ پرانے ہونے کے

حکم

حسب سفارش بخشی صاحب فوج - منشی بابو پرشاد اہلمد سہری کی موجودہ تنخواہ میں تین روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا جاتا ہے - بغرض اجرا احکام صدر کو مرسل ہو -

دستخط صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر

اضافہ جات

۱۲ جولائی ۱۹۲۰ء

مثنہ رپورٹ بخشی صاحب فوج دربارہ اضافہ ملازمان بخشیگری مندرجہ حکم از تحت تنخواہ منشی حامد حسین خان اہلمد متوفی بخشیگری -

حکم

منشی حامد حسین خان متوفی اہلمد بخشیگری کی تنخواہ میں پانچ روپیہ کی بچت تھی اسکے لئے بخشی صاحب فوج نے سفارش کی ہے کہ ان پانچ روپیہ میں سے دو روپیہ منشی عنبر شاد خان اہلمد کا اور دو روپیہ منشی زین العابدین سیاہہ نویس کا اور ایک روپیہ فخرالدین اہلمد سہری کا اضافہ کر دیا جائے - لہذا حسب سفارش بخشی صاحب ہر سہ اشخاص کا حسب صراحت بالا اضافہ منظور ہے - بغرض اجرا احکام صدر کو مرسل ہو -

دستخط صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست میں چھپکر شائع ہوا

ہفتہ سوم۔ نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتداء ۲۱ر جولائی ۱۹۲۸ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۵-۶-۷-۸		۱۰-۹ ½			۱۰۳	
نخود خالص	۷		۸			۱۰۶	
نخود کت آمیز	۸		۸			۸	
[illegible]	۸		۸			۹	
ماش	۶		۶			۶	
مونگ	۵		۰			۵	
مکا	۱۲		۰			۸	
جئی	۱۲		۱۱			۱۰	
گوجئی	۱۱		۹			۹	
مسور	۹		۸			۸	
ارہر	۷		۷			۸	
برنج	۴		۳-۵			۵	
روغن زرد	۷ چھٹانک		۹ چھٹانک			۱۰	
روغن سیاہ	۱		۱-۱½			۱	
روغن کنجد	۱		۱			۱	
نمک سانبھر	۱		۱۲			۱۲	
نمک لاہوری	۱۲		۶			۸	
قند سیاہ	۶		۳			۵	
باجرہ	۶		۰			۸	

نقشہ بارش ہفتہ وار من ابتداء ۱۳ر جولائی لغایت ۱۹ر جولائی ۱۹۲۸ء ریاست رامپور

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون
۱۳ر جولائی ۱۹۲۸ء یوم جمعہ	۳۲	۱۳۲	½۷	۱۸۱	۰	۱۲۸	۰	۴۲	۱۵	۱۱۰	۱۰	۹۸
۱۴ر جولائی ۱۹۲۸ء یوم شنبہ	۳۸	۱۷۰	۲۵	۲۰۶	۲۹	۱۵۷	۱۰	۵۲	۲۰	۱۳۰	۲۶	۱۲۴
۱۵ر جولائی ۱۹۲۸ء یوم یکشنبہ	۲	۱۷۲	۴	۲۱۰	۵	۱۶۲	۰	۵۲	۰	۱۳۰	۰	۱۲۴
۱۶ر جولائی ۱۹۲۸ء یوم دوشنبہ	۶	۱۷۸	۱۰	۲۲۰	½۵	½۱۶۷	۳	۵۵	۴	۱۳۴	۵	۱۲۹
۱۷ر جولائی ۱۹۲۸ء یوم سہ شنبہ	۰	۱۷۸	۰	۲۲۰	۰	½۱۶۷	۰	۵۵	۰	۱۳۴	۰	۱۲۹
۱۸ر جولائی ۱۹۲۸ء یوم چہارشنبہ	۰	۱۷۸	۰	۲۲۰	۰	½۱۶۷	۰	۵۵	۰	۱۳۴	۰	۱۲۹
۱۹ر جولائی ۱۹۲۸ء یوم پنجشنبہ	۰	۱۷۸	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۰	۵۵	۰	۱۳۴	۰	۱۲۹